# 26-08-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔پیغمبر اسلام حضرت محمد ﷺ کی ولادتِ باسعادت کے موقع پر آج ریاست بھر میں جشن میلاد النبی ﷺ کا مذہبی عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔

۲۔ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ نے کہا ہے کہ تعلیمی نظام میں انسانی، ثقافتی وروایتی اقدار اور خاندانی نظام کی اخلاقی قدروں کو اہمیت دیتے ہوئے تعلیم فراہم کی جانی چاہئے۔

۳۔بی جے پی کے ریاستی ترجمان ایل وی سبھاش نے الزام عائد کیا کہ بدعنوانی اور مالی بے ضابطگیوں کے الزامات کا جواب دینے سے قاصر کانگریس حکومت دوہرا معیار اپنا رہی ہے۔

۴۔کوداڑ کے قریب آج پیش آئے ایک سڑک حادثے میں 6 افراد ہلاک ہوگئے جبکہ مزید 6 افراد کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔

اور

۵۔محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ ریاست کے کئی اضلاع میں آج اور کل ہلکی سے درمیانی بارش ہونے کا امکان ہے۔

Milad Un Nabi

ریاست بھر میں جشن میلاد النبی صلی اللہ علیہ صلعم عقیدت واحترام کے ساتھ بڑے پیمانہ پر منائی جارہی ہے۔میلاد النبی صلی اللہ علیہ صلعم کے موقع پر میلاد جلوس نکالے جارہے ہیں۔گورنر شیو پرتاپ شکلا اور وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے میلاد النبی صلی اللہ علیہ وصلعم کے موقع پر مبارکباد پیش کی۔گورنر شیو پرتاپ شکلا نے اپنے پیغام میں کہا کہ میلاد النبی صلی االلہ علیہ وسلم کے اس موقع پر امن، بھائی چارگی اور اتحاد کے مزید استحکام کیلئے تمام طبقات کو کوشش کرنی چاہئے جبکہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وصلعم کی تعلیمات عالمی امن، باہمی اتحاد اور سماجی ہم آہنگی کیلئے رہنمائی فراہم کرتی ہیں۔وزیر اعلیٰ نے محمد

صلی اللہ علیہ وصلعم کی زندگی وتعلیمات کے ذریعہ ہرایک کو بھائی چارگی کے ساتھ رہتے ہوئے ملک کی ترقی کیلئے کام کرنے پرزوردیا۔

Desk

Milad Un Nabi - Mahesh Kumar

نظام آباد میں جشن میلادالنبی صلی اللہ علیہ وصلعم کی تقریبات میں تلنگانہ کے صدر پردیش کانگریس مہیش کمار گوڑ اور حکومت کے مشیر محمد علی شبیر نے شرکت کی۔نہرو پارک میں منعقدہ ایک جلسہ سے مہیش کمار گوڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وصلعم کی تعلیمات دنیا بھر میں محبت، امن، بھائی چارگی اور انسانیت کا درس دیتی ہیں جبکہ حکومت کے مشیر محمد علی شبیر نے کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وصلعم کی تعلیمات ہمیں یہ درس دیتی ہیں کہ ایک انسان دوسرے انسان کا احترام کرے اوراس کے ساتھ محبت سے پیش آئیں اور مشکل وقت میں ایک دوسرے کا ساتھ دیں یہی حقیقی انسانیت ہے۔اس موقع پر قلعہ روڈ سے میلاد ریالی بھی نکالی گئی۔اس ریالی میں مسلمانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

PTC - NZB

BJP

ریاستی بی جے پی کے ترجمان ایل وی سبھاش نے کہا کہ بدعنوانی اور مالی بے ضابطگیوں کے الزامات کا جواب دینے سے قاصر ریاست کی کانگریس حکومت کا اپنے ہی وزیر کے خلاف تادیبی کارروائی کرنے کا فیصلہ مضحکہ خیز اور دوہرے معیار کی مثال ہے۔انہوں نے کہا کہ بے ضابطگیوں پر سوال اٹھانے والوں کے تئیں کانگریس کی بے چینی اور عدم برداشت اس معاملہ سے واضح ہوتی ہے۔وزیر کونڈا سریکھا کے خلاف تادیبی کارروائی کرنے کے لئے کانگریس پارٹی کی جانب سے ہائی کمان کو رپورٹ بھیجے جانے کی خبروں پر ایل وی سبھاش نے سخت ردعمل ظاہر کیا۔انہوں نے سوال کیا کہ عوامی رقم کے مبینہ غلط استعمال کے معاملہ پر وزیر سریکھا اوران کی بیٹی کی جانب سے ردعمل ظاہر کرنے میں آخر کیا غلطی ہے؟ انہوں نے

مطالبہ کیا کہ وزیر کو تادیبی کارروائی کے نام پر دھمکانے کے بجائے ان کی جانب سے لگائے گئے الزامات کا جواب دیا جائے۔ایل وی سبھاش نے کہا کہ بدعنوانی اور مالی بے ضابطگیوں کے معاملات صرف کانگریس کے زیر اقتدار ریاستوں تک محدود نہیں ہیں بلکہ دیگر ریاستوں میں بھی ایسے معاملات سامنے آ رہے ہیں۔انہوں نے کانگریس سے مطالبہ کیا کہ وہ عوام کو واضح کرے کہ مختلف ریاستوں میں اقتدار برقرار رکھنے کے لئے دہلی میں موجود پارٹی ہائی کمان کو خوش کرنا مقصد ہے یا اسے مالی فائدہ پہنچانا۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ بدعنوانی کے بارے میں اپنی ہی پارٹی کے قائدین کی جانب سے لگائے گئے الزامات کی شفاف تحقیقات کرانے کے بجائے کانگریس حکومت ان کی آواز دبانے کی کوشش کر رہی ہے۔

.... Mahesh Sir

Science Labs

جنگاؤں ضلع کے رگھوناتھ پلی، نرمٹہ، کونڈا کنڈلہ اور چنور کے سرکاری اسکولوں میں سائنس لیباریٹریز کے قیام کے لئے حکومت نے ایک کروڑ 4 لاکھ روپے منظور کئے ہیں۔ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھا نے یہ بات بتائی۔انہوں نے کہا کہ منظورہ رقم سے اسکولوں میں فرنیچر، تجرباتی آلات اور دیگر ضروری وسائل فراہم کئے جائیں گے جبکہ اثنا، لنگالا گھنپور منڈل کے نیلوٹلا گاؤں میں رکن اسمبلی کڈیم سری ہری نے آج ڈیجیٹل راشن کارڈس تقسیم کئے۔

PTC- Jangaon

Sports – Jangaon

جنا گام ضلع مرکز کے دھرم کنچا منی اسٹیڈیم میں کل انڈر16- لڑکے اور لڑکیوں کے لیے کھیلوں کے مقابلے منعقد کیے جائیں گے۔میجر دھیان چند کی یومِ پیدائش کے موقع پر منعقد کیے جانے والے ان مقابلوں میں حصہ لینے کے خواہشمند کھلاڑی صبح 7 بجے پیدائش کے سرٹیفکیٹ کے ساتھ اسٹیڈیم پہنچیں۔

ضلع یوتھ اینڈ اسپورٹس آفیسر نرسمہا راؤ نے یہ اطلاع دی۔

PTC – Jangaon

Bills

سرکاری ملازمین کے زیر التوا بلوں کی فوری ادائیگی کا حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے۔ٹی جے اے سی راجنا سرسیلا کے چیرمین پروین کمار نے یہ مطالبہ کیا۔آج منعقدہ ریٹائرڈ ملازمین کے اجلاس میں انہوں نے تنخواہ نظر ثانی کے بقایا جات اور 6 قسطوں کے بقایا مہنگائی الاؤنس کی ادائیگی کے ساتھ ہیلتھ کارڈ زفراہم کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔انہوں نے کہا کہ اپنے مسائل کے حل کے مطالبہ کو لے کر کل دھرنا منعقد کیا جائے گا۔

PTC - Rajanna Sircilla

Pension Applications

آصف آباد ضلع میں چیوتھ پنشن کے لئے اہل افراد سے درخواستیں وصول کی جارہی ہیں۔ کے ہریتا نے ایک بیان میں یہ اطلاع دی۔انہوں نے اہل امیدواروں سے اپیل کی کہ وہ اس ماہ کی 31 تاریخ تک متعلقہ میونسپل دفاتر یا ایم پی ڈی او دفاتر میں درخواستیں جمع کرائیں۔

PTC-Asifabad

Gram Sabhas – Lead

ریاست بھر میں کل ووٹر لسٹ کی خصوصی نظر ثانی کے عمل کے تحت گرام سبھائیں منعقد کی جائیں گی۔الیکشن کمیشن کے عہدیداروں نے بتایا کہ اس موقع پر ووٹر لسٹیں جاری کی جائیں گی اور ووٹروں کی جانب سے کسی بھی قسم کے اعتراضات ہوں تو انہیں وصول کیا جائے گا۔

ورنگل ضلع کے تمام پولنگ مراکز کے حدود میں کل گرام اور وارڈ سبھائیں منعقد کی جائیں گی۔ضلع کلکٹر ڈاکٹر ستیہ شاردا نے یہ اطلاع دی۔انہوں نے بتایا کہ متعلقہ بی ایل اوز ووٹر لسٹ پڑھ کر سنائیں گے اور

ووٹروں سے اپیل کی کہ وہ اپنے نام اور دیگر تفصیلات کی جانچ کرلیں۔

ووٹرلسٹ کی خصوصی جامع نظرثانی کے سلسلہ میں انہوں نے سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کے ساتھ جائزہ اجلاس بھی منعقد کیا۔ انہوں نے کہا کہ فوت ہوچکے، نقل مکانی کرچکے یا دومختلف مقامات پر نام رکھنے والے ووٹروں کی فہرستیں گرام سبھامیں جانچ کے لئے پیش کی جائیں گی۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ ووٹرلسٹ میں کسی بھی قسم کی غلطی ہوتواس کی نشاندہی کریں۔

کاماریڈی ضلع میں بھی ووٹرلسٹ کی خصوصی جامع نظرثانی کے تحت کل گرام سبھائیں منعقد کی جائیں گی۔ ضلع کلکٹر پرتیما سنگھ نے بتایا کہ اس موقع پر ووٹرلسٹ کا مسودہ جاری کیا جائے گا۔ انہوں نے ووٹروں سے اپنے ناموں کی جانچ کرنے اورکسی بھی اعتراض کی صورت میں اطلاع دینے کی اپیل کی۔

راجنا سرسلہ ضلع میں بھی ووٹرلسٹ کے سلسلہ میں کل گرام سبھائیں منعقد کرکے ووٹرلسٹ کا مسودہ جاری کیا جائے گا۔ ضلع کلکٹر گریما اگروال نے بتایا کہ پنچایت سکریٹریز، محکمہ ریونیو کے ملازمین اور بوتھ سطح کے افسران ووٹروں میں اس حوالے سے شعور بیدار کریں گے۔

PTC - Warangal, Kamareddy, Rajanna Sircilla

Sangareddy – Loans

سنگاریڈی ضلع میں مختلف شعبوں کے لئے مقرر کردہ قرضوں کے اہداف کوسو فیصد حاصل کرنے کے لئے تمام بینک باہمی تال میل کے ساتھ کام کریں۔ ضلع کلکٹر پانڈو نے یہ ہدایت دی۔ بینکرس مشاورتی کمیٹی کے سہ ماہی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ منتخب مستحقین کو بروقت قرضے منظور کیئے جائیں اورخودروزگار کے لئے انہیں بھرپور تعاون فراہم کیا جائے۔

PTC- Sangareddy

Scholarship

آصف آباد ضلع میں اہل قبائلی طلبہ کو پری میٹرک اسکالرشپس کی منظوری کے لئے درخواستیں طلب کی جا

رہی ہیں۔ضلع قبائلی بہبود کے افسرامبا جی نے ایک بیان میں یہ اطلاع دی۔انہوں نےضلع کے سرکاری قبائلی اقامتی اسکولوں، کستور با گاندھی بالیکا اسکولوں،ضلع ومنڈل پریشد اسکولوں اوراپر پرائمری اسکولوں کے طلبہ سے درخواستیں داخل کرنے کی اپیل کی۔مزیدتفصیلات کیلئے متعلقہ اسکولوں کے ہیڈ ماسٹرس یا قبائلی بہبود کے عہدیداروں سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

PTC – Asifabad

Khelo India

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے بتایا کہ ریاست میں دسمبر میں منعقد ہونے والے کھیلو انڈیا یوتھ گیمز کے لئے مرکزی حکومت نے 22 کروڑ روپے جاری کئے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ حیدرآباد، ورنگل، کریم نگراور محبوب نگر اضلاع میں منعقد ہونے والے ان کھیلوں میں ملک بھر سے 6 ہزار سے زائد کھلاڑی حصہ لیں گے۔کشن ریڈی نے کھیلو انڈیا یوتھ گیمز کی میزبانی ریاست کو ملنے پرخوشی کا اظہار کیا۔

Desk

Weather

حیدرآباد محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ ریاست کے کئی اضلاع میں آج اورکل ہلکی سے درمیانی بارش ہونے کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے عادل آباد، آصف آباد، منچر یال، نرمل، نظام آباد، جگتیال، سرسلہ، کریم نگر، پداپلی، بھوپال پلی، مولوگو، بھدرادری کوتہ گوڑم، ورنگل، رنگاریڈی، حیدرآباد، میڑچل ملکاجگیری، وقارآباد، میدک، کاماریڈی اورمحبوب نگر سمیت دیگراضلاع کیلئے ایلوالرٹ جاری کیا ہے۔

Desk

Thummala

وزیرزراعت ٹی ناگیشورراؤ نے کہا کہ طلبہ کوانسانی اقدار، ثقافت وروایات اور خاندانی نظام کی اخلاقی قدروں کواہمیت دینے والی تعلیم فراہم کی جانی چاہیئے۔انہوں نے آج کھمم ضلع کے رگھوناتھ پالیم منڈل

کے جنکالا تانڈہ میں گروکل اسکول کی عمارت کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا۔ وزیر نے بتایا کہ 13.10 ایکڑ اراضی پر تعمیر ہونے والے سوامی نارائنا گروکل اسکول میں پہلی جماعت سے بارہویں جماعت تک تعلیم دی جائے گی۔تقریباً ایک لاکھ مربع فٹ رقبہ میں اسکول کا کیمپس اور عمارتیں جدید سہولیات کے ساتھ تعمیر کی جائیں گی۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس اسکول کے ذریعہ ضلع کے قبائلی علاقوں کے ساتھ ساتھ اقلیتی طلبہ کو بھی معیاری تعلیم فراہم کی جائے گی۔اس پروگرام میں پر ضلع کلکٹر دیوا کر ٹی ایس سمیت دیگر عہدیداروں نے شرکت کی۔

PTC- Khammam

Road Accident.

سوریا پیٹ ضلع کے کوداڑ منڈل کے دوارا کنٹہ مضافات میں آج صبح پیش آئے ایک سڑک حادثے میں 6 افراد ہلاک ہوگئے۔مہلوکین میں ایک مرد اور 5 خواتین شامل ہیں۔حادثے میں 20 افراد زخمی ہوئے، جنہیں کوداڑ کے سرکاری اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔زخمیوں میں سے 6 کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔حیدرآباد سے ایلور جانے والی ایک پرائیویٹ ٹریولس بس سڑک کنارے کھڑے کنٹینر سے ٹکرا گئی، جس کے نتیجے میں 6 افراد موقع پر ہی ہلاک ہوگئے۔مہلوکین کا تعلق آندھرا پردیش کے این ٹی آر ضلع کے وجئے واڑہ سے بتایا گیا ہے۔اس حادثہ پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے گہرے دکھ کا اظہار کیا اور مہلوکین کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کی۔انہوں نے چیف سکریٹری کو ہدایت دی کہ زخمیوں کو بہتر سے بہتر طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔

Desk... PTC/Nalgonda

○○